هغه اضافه چې کله رانشی نو بیا Competition نه کیږی، خلق دا فکر کوی چې گنی لکه دیکښې ما ته انکم نه پاتې کیږی نو هغه Competition پرې اونشی، نو د دې وجې نه دغه جنرل بس سټینډ چې دے نو دا زما ذاتی دغه دے، دا چونکه د ډسټرکټ گورنمنټ سره دے خو زما د علم مطابق هغه اوس پورې ډیپارټمنټلی چلیږی۔

جناب سپیکر: جی اعظم خان صاحب، نیکسٹ۔

جناب اعظم خان درانی: جناب سپیکر! اس کو کمیٹی میں بھیج دیں۔

جناب سپیکر: کمیٹی میں بھیج دیں؟

جناب اعظم خان درانی: جی کمیٹی میں بھیج دیں۔

جناب سپیکر: جی عنایت خان۔

سینیئر وزیر (بلدیات): گوره ډیپارټمنټ خو دا سوال دا سې Understand کړے وو چې دا کوم د لوکل گورنمنټ ډیپارټمنټ سره اړې دی نو د هغې تفصیلات ورکړلې شوی دی، که د دغه وائی، د دې بل سوال سره به زه، دا باقی ضلعې سره چې کوم دی نو د دې تفصیلات به هم زه ورته ورکړم، که دے په هاؤس کښې وائی، په هاؤس کښې به ئے ورکړم او که پرائیویټلی وائی نو پرائیویټلی به ورکړم او د دې بل سوال سره د دې تفصیلات به هم زه ورکړم۔

جناب سپیکر: جی اعظم خان۔

جناب اعظم خان درانی: جناب سپیکر! یہ اڈے نہیں ہیں یہ کار پارکنگز ہیں، جس طرح ڈبگری گارڈن میں یا صدر میں یہ کار پارکنگز ہیں، اڈہ نہیں ہے جی۔

جناب سپیکر: نہیں، یہ کہتے ہیں، یہ آپ کیا کہتے ہیں؟ وہ کہتے ہیں کہ آپ۔۔۔۔

جناب اعظم خان درانی: یہ ہائی کورٹ کے ساتھ جو کارپارکنگ ہے یہ۔

جناب سپیکر: مفتی جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: سپیکر صاحب! دا هائی کورټ مخې ته لرې مه ځئ د دغه هائی کورټ مخې ته اوگورئ، دغه هائی کورټ مخی ته چې کوم بدحال دے، یقین اوکړئ چې تقریباً دغه جیل نه چې ته دغه ځائې پورې راځې، ستا ټهیک اووه اته

منتھہ لگیری، منسٹر صاحب وائی چې دا بلدیاتو سره نه دی، دا چا سره نه دی، دا بلدیاتو سره دی۔

جناب سپیکر: یہ کہتے ہیں کہ کینٹ کے پاس ہے، کینٹ کا وہ علاقہ ہے۔

سینئر وزیر (بلدیات): مونږ سره پیښور کښې صرف څلور اډې دی او یوه د ټرانسپورټ ډیپارټمنټ سره ده، دا ټائپ اډې چې دی دا ټول کار پارکس څه چې دی، دا کینټ دے، دا ټول که تاسو وایئ نو دا کینټ دے، د دې تفصیلات مونږ سره نشته دے، دا د کینټ والا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی نیکسٹ، کیونکہ آگے کوئسچنز ہیں، میں نے آگے بھی چلنا ہے، اب بتائیں کیا کریں جی؟

جناب اعظم خان درانی: ڈبگری گارڈن۔

جناب سپیکر: جی عنایت خان، بس بتائیں جی، میں نے ایجنڈے کو آگے لے کے جانا ہے، جی!

سینئر وزیر (بلدیات): دې ځائې پورې څه خیبر بازار دا Surrounding ټول کینټ دے، دا ستاسو په علم کښې راتلل پکار دی چې دا ښکاری خو د صوبائی حکومت حصه خو دا دے، کینټ۔

جناب سپیکر: نہیں ابھی کیا کریں؟ اور سیکرٹری صاحب کہتے ہیں یہ ٹھیکہ جو ہے نا، بارکونسل ایریا ہے، بار کونسل کے پاس ہے، Any how ابھی کیا کریں، اس کو کمیٹی میں ڈالیں یا کیا، نہیں؟

سینئر وزیر (بلدیات): ډیټیلز به ورته ورکړم کنه۔

جناب سپیکر: ہیں؟

سینئر وزیر (بلدیات): دغه ډیټیلز به ورته زه ورکړم۔

جناب سپیکر: ڈیٹیل، آپ کیا کہتے ہیں؟ ووٹ کیلئے ڈالوں؟

جناب اعظم خان درانی: کمیٹی میں بھیج دیں جی۔

جناب سپیکر: ہاں جی، ووٹ کیلئے، اچھا جی۔ Question No. 4894. Is it the desire of the House that the Question No. 4894, asked by the honourable Member, may be referred to the Committee concerned? Those who are in favour of it may say 'Yes'.

Members: Yes.

Mr. Speaker: And those who are against it may say 'No'.

Members: No.
Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Question is-----
(Interruption)
Mr. Speaker: No. next, next-----

ایک رکن: ہو گیا۔

جناب سپیکر: نہیں، ہم نے کاؤنٹ کر لیا ہے، کاؤنٹ آپ دیکھ لیں، یہ جو اس کے حق میں ہیں کہ وہ کمیٹی میں جائے، ہاتھ اٹھائیں۔ پلیز کاؤنٹ۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب سپیکر: جو کہتے ہیں کہ 'ناں' ہاتھ اٹھائیں جی۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

Mr. Speaker: 20, 33. Defeated. Next 4982, Syed Jafar Shah. Not present, it lapses. 4780, Mufti Said Janan!

* 4780 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف اضلاع کی یونین کونسلوں میں یونین کونسل کے دفاتر موجود نہیں ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی کیلئے ہر یونین کونسل میں دفاتر کا قیام ضروری ہے تاکہ لوگوں کے مسائل حل ہو سکیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو صوبے کے جن جن اضلاع کی یونین کونسلوں میں دفتر نہیں ہیں، انکی تفصیل فراہم کی جائے، نیز ان میں دفاتر کی عدم موجودگی کی وجوہات بتائی جائیں؟

جناب عنایت اللہ {سینئر وزیر (بلدیات)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) صوبے کے جن جن اضلاع کی یونین کونسلوں میں دفاتر نہیں ہیں، ان کی تفصیل، نیز ان میں دفاتر کی عدم موجودگی کی وجہ سے سرکاری عمارتوں کا نہ ہونا ہے اور ان یونین کونسلوں میں دفاتر کرایہ پر لئے گئے ہیں، ان کی تفصیل درج ذیل ہے:

| نمبر شمار | ضلع | تعداد ویلج نیبر ہوڈ | تعداد سرکاری | کرایہ پر درکار دفاتر |
|---|---|---|---|---|

| | دفاتر | کونسل | | |
|---|---|---|---|---|
| 200 | 9 | 209 | ایبٹ آباد | 1 |
| 92 | 18 | 110 | بنوں | 2 |
| 84 | 6 | 90 | بٹگرام | 3 |
| 103 | 2 | 105 | بونیر | 4 |
| 127 | 19 | 146 | چارسدہ | 5 |
| 97 | 3 | 100 | چترال | 6 |
| 152 | 22 | 174 | ڈیرہ اسماعیل خان | 7 |
| 193 | 5 | 198 | دیر لوئر | 8 |
| 119 | 3 | 122 | دیر اپر | 9 |
| 58 | 4 | 62 | ہنگو | 10 |
| 157 | 23 | 180 | ہری پور | 11 |
| 55 | 6 | 61 | کرک | 12 |
| 81 | 10 | 91 | کوہاٹ | 13 |
| 162 | 0 | 162 | کوہستان | 14 |
| 89 | 7 | 96 | لکی مروت | 15 |
| 75 | 7 | 82 | ملاکنڈ | 16 |
| 168 | 26 | 194 | مانسہرہ | 17 |
| 216 | 15 | 231 | مردان | 18 |
| 142 | 11 | 153 | نوشہرہ | 19 |
| 335 | 11 | 346 | پشاور | 20 |
| 105 | 0 | 105 | شانگلہ | 21 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 22 | صوابی | 160 | 27 | 133 |
| 23 | سوات | 214 | 1 | 213 |
| 24 | ٹانک | 70 | 5 | 65 |
| 25 | تورغر | 40 | 0 | 40 |
| | کل ٹوٹل | 3501 | 240 | 3261 |

مفتی سید جانان: زه جی منسټر صاحب نه مې ضمنی سوال دا دے چې دې کومو یونین کونسلو کښې دفترونه نشته دے ، آیا دغه بجټ کښې څه حصه ورته کیښودلې شوې ده، دغه حکومت د جوړولو څه اراده شته، یونین کونسلو دفاتر؟

جناب سپیکر: عنایت خان! پلیز ٹائم شارٹ ہے کیونکہ ہم نے وائنڈاپ کرنا ہے کونسچنز آور کو، ہاں جی۔

سینئر وزیر (بلدیات): نه فی الحال لا نه ده، د هغې وجه دا ده چې دې وخت کښې لوکل گورنمنټ ډیپارټمنټس نوی Introduce شوی دی او د هغوی چې کوم ډیویلپمنټ دے دپی ایف سی لاندې مونږ پیسې ورکوؤ نو هغه ډیر زیات لوئې Provincial Government, Provincial exchequer باندې ډیر لوئې Strength دے نو د هغې وجې نه مونږ ایکسټرا هغوی ته څه ډیویلپمنټ او Establishment charges نه ورکوؤ۔

جناب سپیکر: اوکے۔

مفتی سید جانان: ستر پرسنټ یونین کونسلو کښې دفتر نشته دے، زمونږ یونین کونسل دے، د هغې دفتر نشته دے، پکار دی چې دوئ ته لږې پیسې واچولې جی ورته پکار دې چې واچولې شی۔

جناب سپیکر: بس اس نے کہا کہ نہیں ہے۔ جی جی، میرا خیال ہے یہ ویسے بہت بڑا فنڈ لگے گا اس کے اوپر۔

سینئر وزیر (بلدیات): ما هم په دې، ربنتیا خبره چې ورته اوکړم، زما هم د دې مفتی په شانتې خواهش وو، ما پروسکال سکیم شامل کړے وو خو چیف منسټر صاحب وئیل چې دا پچاس ارب روپئ مو ورته په دې دوه کالو کښې ورکړې دی، خپلو پیسو نه د جوړ کړی نوهغه زما سکیم چې دې نو Accept نه شو۔

Mr. Speaker: Okay. Next, 4801, Muhammad Ali. Not present, it lapses. 4799, Muhammad Ali, not present, it lapses. 4801, Sardar Aurangzeb Nalotha, 4801.

* 4801 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیا وزیر ہاؤسنگ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں ہاؤسنگ سکیم بنا رہی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبہ بھر کی ہاؤسنگ سکیموں کی تفصیل ضلع وائز بتائی جائے، نیز محکمہ ہاؤسنگ کے زیر کنٹرول جو سکیمیں شروع کی گئی ہیں، ان کی بھی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امجد علی (معاون خصوصی برائے ہاؤسنگ): (الف) ہاں، یہ درست ہے کہ حکومت صوبے کے تمام اضلاع میں ہاؤسنگ سکیم بنانے کا ارادہ رکھتی ہے، مناسب زمینوں کی نشاندہی کیلئے ڈی سی صاحبان کو خطوط لکھ دیئے گئے ہیں جن کی تفاصیل درج ذیل ہیں:

| سیریل نمبر | ضلع | جواب |
|---|---|---|
| 1 | ڈیرہ اسماعیل خان | ڈپٹی کمشنر ڈیرہ نے بتایا کہ شہر کے قرب وجوار میں کوئی سرکاری زمین دستیاب نہیں البتہ محکمہ زراعت کے پاس سیڈ فارم کی شکل میں کچھ جگہ موجود ہے۔ |
| 2 | ہری پور | ڈپٹی کمشنر ہری پور نے آگاہ کیا کہ 649 کنال 07 مرلہ زمین موضع بکہ تحصیل ہری پور میں واقع ہے جو کہ موزوں ہے۔ |
| 3 | لکی مروت | ڈپٹی کمشنر لکی مروت نے 338 کنال 02 مرلہ پر محیط تین عدد زمین کو موزوں قرار دیا ہے۔ |
| 4 | چترال | ڈپٹی کمشنر چترال نے مطلع کیا کہ سرکاری زمین کا ایک بڑا حصہ موضع کاغلشت تحصیل مستوج میں دستیاب ہے، جس میں سے سکیم کیلئے زمین حاصل کی جا سکتی ہے لیکن وہاں پانی کا کوئی ذخیرہ موجود نہیں اسی وجہ سے آج تک مذکورہ زمین کو استعمال نہیں کیا جا سکا۔ |
| 5 | سوات | کمشنر ملاکنڈ ڈویژن نے مطلع کیا کہ ڈپٹی کمشنر سوات نے 209 |

| | | |
|---|---|---|
| | | کنال 19 مرلہ موضع ڈنگرام ڈھیری تحصیل بابوزئی ضلع سوات حاصل کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ 289 کنال 01 مرلہ مزید زمین ضلع میں مذکورہ مقصد کیلئے رکھی گئی ہے۔ مذکورہ زمین کو ریونیو ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے پراونشل ہاؤسنگ اتھارٹی کے نام منتقل کیا جاچکا ہے۔ مزید کہ ایک اور زمین کا ٹکڑا مختلف خسرہ جات کے ساتھ تقریباً 2060 کنال 16 مرلہ موضع بریکوٹ ضلع سوات کو منتخب کرکے سیکشن فور لگایا جاچکا ہے، لیکن متعلقہ محکمہ کی طرف سے مزید اقدامات نہیں اٹھائے گئے۔ |
| 6 | ٹانک | ڈپٹی کمشنر ٹانک نے محکمہ جنگلات کی ملکیتی زمین جو کہ ٹانک شہر سے 20 کلومیٹر دور 6791 کنال زمین موضع ڈابڑا کو تجویز کیا ہے۔ |
| 7 | بنوں | ڈپٹی کمشنر بنوں نے مطلع کیا کہ تحصیل بنوں اور تحصیل ڈومیل میں 08 موزوں مقامات پر زمین موجود ہے۔ |
| 8 | ہنگو | ڈپٹی کمشنر ہنگو نے مطلع کیا کہ 111 کنال 05 مرلہ سرکاری زمین دستیاب ہے۔ |
| 9 | چارسدہ | ڈپٹی کمشنر چارسدہ نے مطلع کیا کہ موضع سردار گڑھی اور کتوزئی بالا تحصیل شبقدر اور موضع دیوبندی اور بربہرام ڈھیری تحصیل تنگی ضلع چارسدہ میں دستیاب ہے۔ |
| 10 | بونیر | ڈپٹی کمشنر بونیر نے آگاہ کیا کہ 300 کنال زمین موضع سیاواوئی تحصیل خادوخیل دستیاب ہے جو کہ ہاؤسنگ اتھارٹی کی ملکیت ہے۔ |
| 11 | بٹگرام | ڈپٹی کمشنر بٹگرام نے مطلع کیا کہ 1200 کنال زمین موضع ردمے تمائی میں دستیاب ہے۔ |
| 12 | کوہستان | ڈپٹی کمشنر کوہستان نے مطلع کیا کہ مذکورہ مقصد کیلئے کوئی زمین موزوں |

| | | |
|---|---|---|
| | | نہیں ہے۔ |
| 13 | شانگلہ | ڈپٹی کمشنر شانگلہ کی جانب سے کوئی جگہ موزوں نہیں قرار دی گئی۔ |
| 14 | نوشہرہ | ڈپٹی کمشنر نوشہرہ نے مطلع کیا کہ تحصیل نوشہرہ میں ہاؤسنگ سکیم کیلئے موزوں زمین میسر نہیں ہے۔ |
| 15 | مانسہرہ | ڈپٹی کمشنر مانسہرہ نے تجویز دی ہے کہ کسی آفیسر کو تعینات کیا جائے کہ ضلع میں موزوں جگہ کی نشاندہی کرے۔ |
| 16 | تورغر | ڈپٹی کمشنر تورغر کی جانب سے کسی بھی جگہ کی نشاندہی نہیں کی گئی۔ |
| 17 | ملاکنڈ | تاحال کوئی جواب نہیں موصول ہوا۔ |
| 18 | کرک | تاحال کوئی جواب نہیں موصول ہوا۔ |
| 19 | ایبٹ آباد | تاحال کوئی جواب نہیں موصول ہوا۔ |
| 20 | پشاور | تاحال کوئی جواب نہیں موصول ہوا۔ |
| 21 | صوابی | تاحال کوئی جواب نہیں موصول ہوا۔ |
| 22 | مردان | تاحال کوئی جواب نہیں موصول ہوا۔ |
| 23 | دیرلوئر | تاحال کوئی جواب نہیں موصول ہوا۔ |
| 24 | دیراپر | تاحال کوئی جواب نہیں موصول ہوا۔ |
| 25 | کوہاٹ | تاحال کوئی جواب نہیں موصول ہوا۔ |

(ب) صوبائی ہاؤسنگ اتھارٹی نے صوبے بھر میں مختلف ہاؤسنگ سکیموں کا اجراء کیا ہے۔ جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

| نمبر شمار | ہاؤسنگ سکیم کا نام | ضلع | کل رقبہ | کل پلاٹ | پلاٹ سائز کی تفصیل | موجودہ صورتحال |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ملازئی ہاؤسنگ سکیم | پشاور | 190 کنال | 371 | 5 مرلے کے 259، 10 مرلہ کے 112 | 126 الاٹیز کو مورخہ 30/08/2016 کو پلاٹ حوالہ کیے گئے ہیں۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | عنقریب بقیہ پلاٹ الاٹمنٹ کے لئے مشتہر کیے جارہے ہیں۔ |
| 2 | سوڑیزئی ہاؤسنگ سکیم | پشاور | 8500 کنال | – | – | لینڈ بنک پراپرٹی |
| 3 | پشاور ماڈل ٹاؤن | نوشہرہ | 117000 کنال | – | – | FWO کے ساتھ شراکت داری کی تجویز زیر عمل ہے۔صرف سیکشن فور ہوچکا ہے۔ |
| 4 | موٹروے سٹی M-1 | نوشہرہ | 80000 کنال | – | – | FWO کے ساتھ شراکت داری کی تجویز زیر عمل ہے۔صرف سیکشن فور ہوچکا ہے۔ |
| 5 | جلوزئی ہاؤسنگ سکیم | نوشہرہ | 8905 کنال | 8571 | 5 مرلہ کے 3900<br>7 مرلہ کے 1809<br>10 مرلہ کے 1694<br>1 کنال کے 1129<br>2 کنال کے 39 | 3757 پلاٹ الاٹ کئے گئے ہیں۔ اور بقیہ پلاٹ عنقریب الاٹمنٹ کے لئے پیش کئے جارہے ہیں۔ |
| 6 | جرما ہاؤسنگ سکیم | کوہاٹ | 300 کنال | 463 | 5 مرلہ کے 352<br>10 مرلہ کے 111 | 323 پلاٹ الاٹ کیے گئے ہیں۔ اور بقیہ پلاٹ عنقریب الاٹمنٹ کے لئے پیش کئے جارہے ہیں۔ |
| 7 | حویلیاں ہاؤسنگ سکیم | ایبٹ آباد | 218 کنال | 219 | 5 مرلہ کے 156<br>10 مرلہ کے 63 | 155 الاٹیز کو مورخہ 04/01/2017 کو پلاٹ حوالہ کئے گئے ہیں۔عنقریب بقیہ پلاٹ الاٹمنٹ کے لئے مشتہر کئے جارہے ہیں۔ |
| 8 | ہنگو ہاؤسنگ سکیم | ہنگو | 10000 | 8991 | 3 مرلہ کے 497 | سکیم کو شراکت داری کی بنیاد پر |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | کنال | | 5 مرلہ کے 2177<br>10 مرلہ کے 3274<br>1 کنال کے 2411<br>2 کنال کے 632 | تعمیر کرنے کے لئے بات چیت جاری ہے۔ صرف سیکشن فور ہو چکا ہے۔ |
| 9 | ڈھیری ہاؤسنگ سکیم | چارسدہ | 187 کنال | – | – | زمین PHA کو ٹرانسفر ہو چکی ہے۔<br>سکیم کو بنک ہوم فنانس Low Cost ہاؤسنگ ماڈل کے ذریعے بنایا جارہا ہے۔ |

سردار اورنگزیب نلوٹھا: اچھا جی، سپیکر صاحب یہ جو تفصیل ڈیپارٹمنٹ نے دی ہے، میں اس پر مطمئن ہوں، مطمئن ہوں میں۔

Mr. Speaker: Okay. Next, 4807, Sardar Aurangzeb Nalotha Sahib.

* 4807 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیا وزیر آبنوشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ دیوال منال تحصیل حویلیاں میں کچھ عرصہ قبل واٹر سپلائی سکیم کی منظوری ہوئی تھی؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس سکیم کیلئے کتنا فنڈ منظور ہوا اور اب اس سکیم کی کیا پوزیشن ہے، آیا محکمہ مذکورہ سکیم کو فعال کرنے کا ارادہ رکھتا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شاہ فرمان (وزیر برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): (الف) جی ہاں۔

(ب) واٹر سپلائی سکیم دیوال منال جولائی 2007 میں صوبائی ادارہ برائے تعمیر نو اور بحالی زلزلہ (PERRA) کے مالی تعاون سے 10 ملین روپے کی مجوزہ لاگت سے منظور ہوئی تھی، جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1 واٹر ورکس: 1.669 ملین روپیہ۔

2 پمپنگ مشینری: 1.400 ملین روپیہ۔

3 واٹر ٹینک: 0.671 ملین روپیہ۔

4 پائپ لائن: 6.260 ملین روپیہ۔

ٹوٹل: 10.00 ملین روپیہ۔

تاہم مذکورہ سکیم کیلئے PERRA نے ایک ہی قسط مبلغ 1.6 ملین روپے جاری کئے تھے، اور PERRA سے بقایا فنڈز کی عدم دستیابی کی وجہ سے سکیم مکمل نہ ہو سکی، تاہم حکومت کی کوشش ہے کہ فنڈز کی دستیابی کی صورت میں اس سکیم کی ترجیحی بنیادوں پر منظوری دی جائے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب! یہ جو تفصیل دی گئی ہے، سپیکر صاحب ایک کروڑ روپے کی یہ سکیم ہے ایک کروڑ روپے کی، 2007 میں یہ سکیم منظور ہوئی ہے، دس ملین کی سکیم ہے، سپیکر صاحب! دس ملین کی سکیم ہے، ایک ملین موقع پر نہیں لگا ہوا ہے، ایک ملین روپیہ، میں پوچھنا چاہتا ہوں منسٹر صاحب سے، یہ پیسے کدھر گئے ہیں، اس میں جو انہوں نے واٹر ورکس کیلئے 1.669 ملین روپیہ دیا ہے اور مشینری کیلئے 1.400 واٹر ٹینک کیلئے، کسی جگہ واٹر ٹینک مجھے بتایا جائے، ایک پائپ بتایا جائے، مشینری بتائی جائے، کوئی پائپ لائن سپیکر صاحب! نہیں ہے پورے کا پورا کروڑ روپیہ یہ ہضم ہو گیا ہے اور میں حیران ہوں کہ یہ اس کے اوپر کوئی انکوائری نہیں ہوئی ہے، کتنی دفعہ میں نے ڈیپارٹمنٹ کے نوٹس میں بھی لایا ہے، منسٹر صاحب کے نوٹس میں لایا ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ہاں جی، میڈم عائشہ، میڈم عائشہ۔

محترمہ عائشہ نعیم (پارلیمانی سیکرٹری برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): جی تھینک یو، سپیکر صاحب! ڈیپارٹمنٹ پیرا والوں کو کئی دفعہ یہ خط لکھ چکا ہے لیکن ان کی طرف سے کوئی جواب نہیں آیا ہے اور ان کا ریکارڈ بھی پڑا ہوا ہے اور تفصیل بھی ہے، آگے جب بھی یہ چاہے تو ہم ان کو تفصیل بھی فراہم کر سکتے ہیں لیکن پیرا والوں کی طرف سے ابھی تک کوئی جواب نہیں آیا ہے فنڈ کا اور نہ فنڈ ریلیز ہوا ہے ابھی تک جی نلوٹھا صاحب۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: مجھے مزید تفصیل یہ کیا دیں گے، میں یہ کہتا ہوں جو دس ملین روپیہ ڈیپارٹمنٹ کے پاس ERRA نے دیا ہے، اس دس ملین میں مجھے ایک ملین روپیہ موقع کے اوپر دکھایا جائے، واٹر ٹینک

کدھر بنا ہے، مشینری کدھر ہے، پائپس کدھر ہیں؟ ایک روپے کا کام سکیم کے اوپر نہیں ہوا ہے، تو مجھے کونسی تفصیل بتائیں گے؟

جناب سپیکر: جی میڈم، میڈم عائشہ۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: سپیکر سر، جی تھینک یو سپیکر صاحب! یہ منظور ہوئے تھے ابھی ریلیز نہیں ہوئے اور ریلیز کیلئے ڈیپارٹمنٹ کئی دفعہ ان کو خط لکھ چکا ہے ان خطوط کا ریکارڈ بھی موجود ہے، تو ابھی تک وہ ریلیز نہیں ہوئے، جب ریلیز نہیں ہوئے تو ڈیپارٹمنٹ۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ کہتی ہے کہ ابھی تک کوئی پیسہ ریلیز نہیں ہوا۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: ریلیز ہی نہیں ہوا تو۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب! دس ملین روپیہ ریلیز ہوا ہے، ڈیپارٹمنٹ۔۔۔۔

(قطع کلامی)

پارلیمانی سیکرٹری برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: ریلیز نہیں ہوا۔

جناب سپیکر: آپ کے پاس کوئی، ایک منٹ، آپ کے پاس کوئی ہے کہ آپ ریلیز کا وہ دکھا سکتے ہیں، وہ کہتے ہیں ریلیز نہیں ہوا تو کیسے پتہ چلے گا؟

سردار اورنگزیب نلوٹھا: مجھے یہی افسوس ہے سپیکر صاحب! مجھے یہی افسوس ہے کہ دس ملین روپیہ ڈیپارٹمنٹ کے پاس آگیا ہے۔

جناب سپیکر: آپ کے پاس۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر، میری بات سنیں، ٹھیکیدار کا ٹینڈر ہوا ہے، ٹھیکیدار کا ٹینڈر ہوا ہے، موقع کے اوپر وہ پائپ لے کے گیا ہے، دو نمبر پائپ تھا، وہ میں نے درخواست دی، وہ پائپ Reject ہوا ہے، اس کے اوپر اس میں انہوں نے جو جواب دیا ہے یہ اپنے جواب کی خود نفی کر رہے ہیں سپیکر صاحب! سر! ذرا یہ دیکھیں کہ واٹر ورکس کیلئے کتنا پیسہ ہے، پمپنگ مشینری کیلئے کتنا پیسہ ہے؟ اگر پیسے ریلیز نہیں ہوئے ہیں تو یہ جو تفصیل دی گئی ہے، یہ جھوٹ ہے۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: یہ سپیکر صاحب! صرف 1.6 ملین جو جاری کئے تھے، اس پہ پائپ لائن کا کام شروع ہے اور باقی ریلیز کیلئے ہم لیٹر لکھ رہے ہیں لیکن ان کی طرف سے کوئی جواب نہیں آیا ہے، باقی پیسے پیرا والوں نے ریلیز ابھی تک نہیں کئے، اس کا ریکارڈ موجود ہے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر یہ بات نہیں ہے، میں حیران ہوں کہ پارلیمانی سیکرٹری صاحبہ میرے خیال کے مطابق میری بات یا یہ سمجھ نہیں رہی ہے، یا یہ رٹی رٹائی بات کرتی ہیں۔

جناب سپیکر: یہ کہتے ہیں کہ۔۔۔۔۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: نہیں سر، نہیں نہیں رٹی رٹائی نہیں ہے، ریکارڈ پہ موجود ہے، ریکارڈ پہ یہ چیز موجود ہے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: حلقہ میرا ہے، میں سپیکر صاحب، سپیکر صاحب! اب آپ اپنی نگرانی میں ایک کمیٹی بنادیں اپنی نگرانی میں، میں آپ کو لے کے جاؤں گا موقعے کے اوپر، میری ذاتی یونین کونسل ہے، ایک روپیہ وہاں پہ سپیکر صاحب نہیں لگا ہوا ہے، یہ سارے پیسے کرپشن کی نذر ہو گئے ہیں اور میں حیران ہوں کہ پارلیمانی سیکرٹری صاحبہ رٹی رٹائی بات کرتی ہے، بالکل یہ جھوٹ ہے، یہ دس ملین روپیہ کرپشن کی نذر ہو گیا ہے، آج میں حیران ہوں کہ تحریک انصاف کی حکومت، تحریک انصاف کے چیئرمین صاحب جو کرپشن ختم کرنے کا نعرہ لگاتے رہے ہیں، دس ملین روپیہ کدھر گیا ہے، کیوں کرپشن کی نذر ہوا ہے؟ کئی دفعہ میں نے، منسٹر صاحب ادھر وہ آج موجود نہیں ہے، میں نے ان کے نوٹس میں بھی لایا ہے، ان کے نوٹس میں بھی میں لا چکا ہوں لیکن کوئی کارروائی سپیکر صاحب! نہیں ہو رہی ہے، مجھے بتایا جائے سپیکر صاحب! مجھے بتایا جائے۔

جناب سپیکر: اچھا، میں نلوٹھا صاحب! ایک منٹ، بتائیں ہاؤس کو، ہاؤس کو آپ یہ بتائیں، آپ کے پاس ثبوت ہے کوئی کہ آپ یہ دکھائیں کہ یہ ریلیز ہے؟

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب! میں یہ کہہ رہا ہوں کہ آپ کی نگرانی میں اس ہاؤس کی ایک کمیٹی بنے اگر ادھر سپیکر صاحب! اگر ادھر ایک ملین روپیہ بھی لگا ہو، ایک ملین روپیہ بھی ثابت ہو جائے تو میں اسمبلی رکنیت سے استعفیٰ دے دوں گا (اوہ، اوہ کی آوازیں اور تالیاں) سپیکر صاحب! ایک کروڑ

روپیہ، ایک کروڑ روپیہ کرپشن کی نذر ہوا ہے، یہ پردہ ڈال رہے ہیں، پردہ ڈال رہے ہیں، سپیکر صاحب، سپیکر صاحب! ایک روپیہ نہیں لگا ہے، میں حیران ہوں پارلیمانی سیکرٹری صاحبہ کیوں پردہ ڈال رہی ہے اس کے اوپر؟

جناب سپیکر: میرے خیال میں اس کو کمیٹی میں ڈالتے ہیں، میڈم! اس کو کمیٹی میں۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: اگر ان کو کوئی اعتراض ہے اور ان کو۔۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب سپیکر: نہیں، یہ پتہ چلے، نہیں میں ایک، میں آپ کے پاس۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب! میری بات سنیں۔

جناب سپیکر: جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: یہ آپ سٹینڈنگ کمیٹی کو، آپ بالکل بھیج دینگے، اس میں یہ ساری بات ہو گی، میں یہ کہتا ہوں کہ آپ کی سربراہی میں، آپ کی سربراہی میں ایک کمیٹی بن جائے۔

جناب سپیکر: سپیشل کمیٹی؟

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیشل کمیٹی جو موقعے پر جائے، موقعے پر جائے اور انکوائری کرے، موقعے پر جائے اور انکوائری کرے۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی میڈم، میڈم، میڈم، جی میڈم۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: سپیکر صاحب اگر ان کو کوئی اعتراض ہے اور کمیٹی میں بھجوانا چاہتے ہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے، آپ کمیٹی میں بھجوا دیں بیشک۔

جناب سپیکر: اوکے، ٹھیک ہے، بس کمیٹی بھیجتے ہیں اس کو، اس کو یہ مجھے دے دیں۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی، جی سردار حسین۔

جناب سردار حسین: شکریه جی۔ سپیکر صاحب! چې پارلیمانی سیکرټری صاحبې کمیټۍ ته ریفر کړو خو نلوټها صاحب د تحریک انصاف حکومت چې دے هغه

ئے چیلنج کړو، زما دا خیال دے چې پارلیمانی سیکرټری صاحب هغه د چیلنج هم قبول کړی، کمیټۍ ته خو لاړو خو هغه چیلنج د قبول کړی چې هغه چیلنج ئے کوم ورکړو۔

جناب سپیکر: د دې جواب به عاطف خان ورکړی، عاطف۔

سرداراورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب، سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: نہیں عاطف، میں چاہتا ہوں کہ عاطف Respond کریں اس کو، نلوٹھا صاحب۔

سرداراورنگزیب نلوٹھا: میں یہ کہتا ہوں کہ اگر ادھر ایک دس ملین روپیہ لگا ہوا ہے تو میں استعفیٰ دوں گا، اگر نہیں لگا ہوا ہے تو حکومت چھوڑ دیں، یہ حکومت چھوڑ دیں میرے ذہن کے مطابق۔

جناب سپیکر: عاطف خان، عاطف خان۔

سرداراورنگزیب نلوٹھا: یہ کیا طریقہ ہے، دس ملین روپیہ سپیکر صاحب! میں پیٹ رہا ہوں، میں رو رہا ہوں، میں منسٹر صاحب کے نوٹس میں دس دفعہ یہ لایا کہ یار یہ دس ملین روپیہ اس قوم کا پیسہ جو ہے یہ تباہ ہو گیا ہے، خدارا اس کے اوپر انکوائری کریں، یہ نیب کو کیس دیں، سپیکر صاحب! یہ احتساب کمیشن کو کیس دیں، احتساب کمیشن کے حوالے کریں۔

جناب سپیکر: نہیں، اس میں تو دس ملین، نلوٹھا صاحب! اس میں میری بات سنیں، ایک حقیقت تک پہنچنے کیلئے انہوں نے تو Agree کر لیا کہ ہم کمیٹی میں ڈالنا چاہتے ہیں نمبر ایک، نمبر دو یہ کہ کوسچن میں ہے کہ 1.6 ملین یہ ریلیز ہوئے ہیں، تو وہ کہتی ہے کہ اس پر کام ہو رہا ہے، آپ کہتے ہیں کام نہیں ہو رہا تو کمیٹی اس کو Examine کرے گی، کمیٹی اس کو Examine کر لے گی، ٹھیک ہے جی، کمیٹی اس کو Examine کرے۔ جی عاطف خان۔

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): جی سپیکر صاحب! یہ تو کمیٹی چلے جائیں، وہاں پر دیکھ لیں اگر فرض کریں کوئی غلط ہوا ہے تو ان کو اس کی سزا مل جائے گی اور اگر کوئی غلط نہیں ہوا تو ان کی بات ٹھیک ثابت ہو جائے گی، تو یہ تو اس میں چلا جائے، کمیٹی میں وہاں پتہ چل جائے گا۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے؟ Is it desire of the house that the Question, asked by the honourable Member, may be referred to the Committee

concerned? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Question is referred to the Committee concerned.

جناب محمود احمد خان: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: کوئسچنز آور کے بعد آپ کو موقع دیتا ہوں، کوئسچنز آور کے بعد یہ کوئسچنز ختم ہو جائیں، کوئسچنز آور میں نہیں ہوتا، کوئسچنز آور، جی نیکسٹ، کوئسچنز آور، کونسا کوئسچن نمبر؟ نیکسٹ، نلوٹھا صاحب! وہ بھی آپ کا ہے، 4857، محمد علی صاحب، Lapsed، 4961، سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب!

* 4961 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مالی سال 17-2016 کی اے ڈی پی میں ضلع ایبٹ آباد حلقہ پی کے 47 اور 48 کیلئے مختلف سڑکوں اور پلوں کی مرمت کی مد میں سکیمیں منظور ہوئی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سکیموں پر تاحال کتنا کام ہوا ہے اور کتنے فنڈ کا اجراء ہوا ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب اکبر ایوب خان (مشیر برائے مواصلات و تعمیرات):

(الف) جی نہیں، سال 17-2016 کی اے ڈی پی میں کسی روڈ اور پل کی مرمت کیلئے PK-47 اور PK-48 میں کوئی سکیم شامل نہیں کی گئی۔

(ب) (الف) کا جواب اثبات میں نہیں ہے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب، سپیکر صاحب! اس میں محکمے نے کورہ جواب دے دیا ہے تو میرا اس میں ضمنی کوئسچن کیا ہو سکتا ہے؟ منسٹر صاحب خود ہزارہ ڈویژن سے تعلق رکھتے ہیں، وہ خود سوچ لیں کہ ہزارے کیلئے کیا کر رہے ہیں اور کل کیا جواب دیں گے ہزارے والوں کو؟

جناب سپیکر: جی اکبر ایوب صاحب۔

مشیر برائے مواصلات و تعمیرات: جی شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! میرے بھائی نے جو سوال کیا، وہ اے ڈی پی کے بارے میں کیا ہے، اے ڈی پی میں کوئی مرمتی سکیم نہیں ہے، اگر ایم اینڈ آر کی یہ بات کر

رہے ہیں تو ابھی ہم نے Last week یہاں بل پاس کیا تو وہ پراسیس میں ہے، نوٹیفیکیشن ابھی تک نہیں ہوا ہے، جیسے ہی ہو گا تو ان شاءاللہ ایم اینڈ آر کا فنڈ سب کو ریلیز کر دیا جائے گا، ان شاءاللہ۔

جناب سپیکر: جی نلوٹھا صاحب، جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب سال 17-2016 کی اے ڈی پی میں کسی روڈ اور پل کی مرمت کیلئے PK-47 اور PK-48 میں کوئی سکیم شامل نہیں ہے، کوئی سکیم شامل نہیں ہے۔

جناب سپیکر: نہیں، وہ نلوٹھا صاحب کہتے ہیں کہ، جی آپ Explain کر لیں اس کو، آپ Explain کر لیں کہ کیوں نہیں ہے؟

مشیر برائے مواصلات و تعمیرات: جناب سپیکر! مرمتیوں کا کام ہم ایم اینڈ آر کے تحت کرتے ہیں کوئی اے ڈی پی کی سکیم نہیں، انہوں نے جو سوال پوچھا ہے، وہ اے ڈی پی کی سکیم نہیں، اور بھی کسی حلقے میں مرمتیوں کے کام نہیں ہیں، نئی سکیمز ہوتی ہیں اے ڈی پی میں لیکن مرمت کا کام ہم ایم اینڈ آر کی مد میں کرتے ہیں اور ان شاءاللہ جب ریلیز ہو گا تو سردار صاحب کا سب سے پہلے کرائیں گے ہم، ان شاءاللہ۔

## غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

4982 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے صوابی تا چکدرہ سوات موٹروے منصوبہ شروع کیا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ حکومت نے مذکورہ منصوبے کی تعمیر کیلئے قرضہ لیا ہے۔ یا لے رہی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(1) مذکورہ پراجیکٹ کی کل لاگت کتنی ہے؛

(2) مذکورہ پراجیکٹ کیلئے رقم کی فراہمی کس ذریعے سے ہو رہی ہے؛

(3) مذکورہ قرضے کی کل رقم کتنی ہے اور کس سے کن شرائط پر حاصل کی گئی ہے؛

(4) مذکورہ قرضے کی واپسی کا طریقہ کار کیا ہے اور عوام سے ٹیکس کی صورت میں قرضہ کے حصول کا طریقہ کار کیا ہو گا، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب اکبر ایوب خان (مشیر برائے مواصلات و تعمیرات): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی نہیں۔

(ج) (1) یہ منصوبہ صوبائی حکومت نے FWO کے ساتھ باہمی شراکت کے اصول پر شروع کیا ہے، منصوبے کی کل لاگت 34.165 بلین روپیہ ہے۔

(2) 34.165 بلین لاگت میں صوبائی حکومت نے 11.5 بلین روپے دیئے ہیں، اس کی پہلی قسط 6 بلین روپے صوبائی حکومت ادا کر چکی ہے جبکہ دوسری قسط 5.5 بلین روپے ستمبر 2017 تک ادا کرنے ہیں۔ اس کے علاوہ صوبائی حکومت نے FWO کو 5.5 بلین قرض کی صورت میں دیا ہے۔

(3) تفصیلی جواب پیرا 2 میں آیا ہے۔

(4) صوبائی حکومت نے جو 5.5 بلین روپے قرض کی صورت میں FWO کو دیئے ہیں، وہ اصل زر بمعہ مبلغ 14.386 بلین روپے Concession Period میں قسط وار واپس کرنے ہیں، باقی لاگت FWO نے اپنے ذرائع سے مہیا کرنی ہے، یہ اشتراک 25 سال کیلئے ہے، صارف سے فیس کی مد میں Toll Tax مروجہ شرح جو کہ نیشنل ہائی وے سے اپنے موٹرویز کے جال پر وصول کر رہا ہے، لاگو ہو گا۔ اس کے علاوہ عوام پر بلواسطہ یا بلاواسطہ کوئی ٹیکس نہیں ہے۔

4851 _ جناب محمد علی: کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے سال 2013 سے اب تک محکمہ نے پی کے 92 میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کی منظوری دی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2013 سے اب تک محکمہ نے پی کے 92 میں کون کونسی سکیموں کی منظوری دی ہے، کون کونسے منصوبے مکمل ہوئے ہیں، سڑکیں، سکولز اور پل وغیرہ کی تفصیل نام وائز فراہم کی جائے؟

جناب اکبر ایوب (مشیر برائے مواصلات و تعمیرات): (الف) جی ہاں۔

(ب) تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

4799 _ جناب محمد علی: کیا وزیر آبنوشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے صوبے میں عوام کو پینے کے پانی اور سینی ٹیشن کیلئے بنیادی اقدامات اٹھانے کا عزم کرر کھا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبائی حکومت کو تقریباً چار سال پورے ہونے کو ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مئی 2013 سے اب تک محکمہ کی کارکردگی رپورٹ فراہم کی جائے؟

جناب شاہ فرمان (وزیر آبنوشی): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) 13-2012: محکمہ پی ایچ ای نے مالی سال 13-2012 میں مجموعی طور پر 1100 سکیموں پر کام شروع کیا، ان میں 10 انفرادی اور 06 امبریلہ (1089 سب سکیمز) اور ایک فیزیبلٹی سٹڈی بھی شامل تھی۔ سال 13-2012 کی اے ڈی پی میں 3194.483 ملین روپے مختص کئے گئے تھے جبکہ حتمی طور پر 3532.318 ملین روپے خرچ کئے۔ اس کے نتیجے میں مجموعی طور پر 491 سکیمیں مکمل ہوئیں جن میں چار انفرادی اور 03 امبریلہ سکیمز شامل تھیں۔ ان امبریلہ سکیمز میں 487 سب سکیمز مکمل ہوئیں۔

14-2013: محکمہ پی ایچ ای نے مالی سال 14-2013 میں مجموعی طور پر 1095 سکیموں پر کام شروع کیا، ان میں 11 انفرادی اور 07 Umbrella (1078 سب سکیمز) 03 نان اے ڈی پی سکیمز اور 03 فیزیبلٹی سٹڈی بھی شامل تھیں۔ سال 14-2013 میں 3261.756 ملین روپے مختص تھے جبکہ محکمہ خزانہ نے حتمی طور پر 1454.812 ملین روپے جاری کئے جو مجوزہ سکیموں پر خرچ ہوئے۔ اس کے نتیجے میں مجموعی طور پر 585 سکیمیں مکمل ہوئی جن میں 02 انفرادی اور 03 امبریلہ سکیمز شامل تھیں، ان امبریلہ سکیمز میں 579 سب سکیمز مکمل ہوئیں۔ علاوہ ازیں 03 نان اے ڈی پی سکیمز اور 01 فیزیبلٹی سٹڈی بھی مکمل ہوئی۔

15-2014: محکمہ پی ایچ ای نے مالی سال 15-2014 میں مجموعی طور پر 1444 سکیموں پر کام شروع کیا، ان میں 13 انفرادی اور 08 امبریلہ (1424 سب سکیمز) 02 نان اے ڈی پی سکیمز اور 05 فیزیبلٹی سٹڈی بھی شامل تھیں۔ سال 15-2014 میں 5851.000 ملین روپے مختص تھے جبکہ خزانہ نے حتمی طور پر 6083.319 ملین روپے جاری کئے جو مجوزہ سکیموں پر خرچ ہوئے۔ اسکے نتیجے میں مجموعی طور پر 42

سکیمیں مکمل ہوئیں جن مین 04 انفرادی اور 02 امبریلہ سکیمز شامل تھیں۔ ان امبریلہ سکیمز میں 32 سب سکیمز مکمل ہوئی۔ علاوہ ازیں 02 نان اے ڈی پی سکیمز اور 04 فیزیبلٹی سٹڈی بھی مکمل ہوئیں۔

2015-16: محکمہ پی ایچ ای نے سال 2015-16 میں مجموعی طور پر 1838 سکیموں پر کام شروع کیا۔ ان میں 84 انفرادی اور 08 امبریلہ (1753 سب سکیمز) اور 01 فیزیبلٹی سٹڈی بھی شامل تھی۔ سال 2015-16 میں 7362.000 ملین روپے مختص تھے، جبکہ محکمہ خزانہ نے حتمی طور پر 5548.000 ملین روپے جاری کئے جو مجوزہ سکیموں پر خرچ ہوئے اس کے نتیجے میں مجموعی طور پر 658 سکیمیں مکمل ہوئیں، جن میں 05 انفرادی اور 05 امبریلہ سکیمز شامل تھیں۔ ان امبریلہ سکیمز میں 652 سب سکیمز مکمل ہوئیں۔ علاوہ ازیں 01 فیزیبلٹی سٹڈی بھی مکمل ہوئی۔

2016-17: محکمہ پی ایچ ای مالی سال 2016-17 میں مجموعی طور پر 1208 Approved جاری سکیموں پر کام کر رہا ہے، ان میں 77 انفرادی اور 04 جاری امبریلہ سکیمز شامل ہیں اور امبریلہ سکیمز میں 1121 سب سکیمز شامل ہیں۔ علاوہ ازیں 01 فیزیبلٹی سٹڈی 04 نئی انفرادی اور 05 نئی امبریلہ سکیمز بھی شامل ہیں۔ سال 2016-17 کی اے ڈی پی میں Originally 4213.484 ملین روپے مختص ہیں جبکہ خزانہ نے تاحال 1650.807 ملین روپے جاری کئے ہیں جن میں اب تک 1207.560 ملین روپے سکیموں پر خرچ ہوئے۔

4857 _ جناب محمد علی: کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ تحصیل کلکوٹ پانچ یونین کونسلوں کلکوٹ، تھل، بری کوٹ، پاتراک شرقی اور پاتراک غربی پر مشتمل ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ پانچ یونین کونسلز ضلعی ہیڈ کوارٹر سے تقریباً 90 کلو میٹر دور ہیں جس کی وجہ سے اتنے بڑے دور افتادہ علاقوں کو ضلعی ہیڈ کوارٹر سے کنٹرول کرنا مشکل ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو محکمہ کب تک تحصیل ہیڈ کوارٹر کلکوٹ میں سب ڈویژنل دفتر کھولنے کا ارادہ رکھتا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب اکبر ایوب خان (مشیر برائے مواصلات و تعمیرات): (الف) جی ہاں۔

(ب) یہ درست ہے کہ یونین کونسلز جو کہ سوال کے جز (الف) میں درج ہے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر سے 90 کلومیٹر کے فاصلے تک واقع ہے لیکن محکمہ سی اینڈ ڈبلیو اپنے ترقیاتی کاموں کو بخوبی سرانجام دیتا ہے اور فاصلے کی وجہ سے کوئی تاخیر ابھی تک سامنے نہیں آئی۔

(ج) ضلع دیر اپر تین انتظامی سب ڈویژن اور تین صوبائی انتخابی حلقوں پر مشتمل ہے، اس لحاظ سے محکمہ مواصلات و تعمیرات کے بھی تین سب ڈویژن رکھے گئے ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

| نمبر شمار | انتظامی سب ڈویژن | انتخابی حلقہ | سی اینڈ ڈبلیو سب ڈویژن |
|---|---|---|---|
| 1 | دیر بالا | PK-91 | C&W Sub Division Dir Upper |
| 2 | کوہستان | PK-92 | C&W Sub Division Dir Upper |
| 3 | واڑی | PK-93 | C&W Sub Division Dir Upper |

انتظامی اور انتخابی حلقوں کے اعداد و شمار کے مطابق سی اینڈ ڈبلیو سب ڈویژن کی تعداد دیر بالا میں برابر ہے اسلئے کسی نئے سب ڈویژنل آفس کھولنے کی ضرورت نہیں ہے، اگر بعد میں ضرورت محسوس کی گئی تو صوبائی حکومت کی منظوری سے مناسب کارروائی کی جائے گی۔

جناب سپیکر: نیکسٹ، اچھا، ایک اعلان کرنا چاہتا ہوں، (مداخلت) پلیز آپ بیٹھ جائیں، میں اعلان کرنا چاہتا ہوں، اس کے بعد آپ کر لیں گے، ایک اعلان، آپ۔

## صوبائی اسمبلی کے چوتھے پارلیمانی سال کی کارکردگی رپورٹ

جناب سپیکر: معزز اراکین اسمبلی! مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ منتخب حکومت اپنے چار سال مکمل کرنے جا رہی ہے اور امید ہے کہ مقررہ پانچ سال مکمل ہونے کے بعد جب ہم عوامی نمائندگان عوام سے اپنی کارکردگی کا سرٹیفیکیٹ لینے جائیں گے تو کم از کم ہم اپنی کارکردگی بتانے کے اہل ہوں گے، اس حوالے سے عوام کی اپنی کارکردگی وقتاً فوقتاً ضروری سمجھا، بحیثیت عوامی نمائندگان ہر ممبر اپنے علاقے میں ہر طرح کے مسائل سے آگاہ ہوتا ہے اور ان کی مشکلات دور کرنے کی حتی الوسع کوشش کرتا رہا ہے جو اس کے فرائض میں شامل ہے لیکن کچھ امور ایسے بھی ہوتے ہیں جس سے حلقے کے عوام کا بالواسطہ تعلق نہیں ہوتا لیکن بلاواسطہ ایسے امور ان کی زندگیوں پر اثر انداز ہوتے رہتے ہیں جو ان کی

خوشحالی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، یہ وہ امور ہیں جو عوامی نمائندگان کی حیثیت سے اپنے اس معزز ایوان میں پیش کرتے ہیں یا حکومت کی طرف سے یا اپوزیشن کی طرف سے، حکومت کی طرف سے کئے جانے والے اقدامات پر قانون سازی کی جاتی ہے جو یقیناً عام آدمی پر دوررس نتائج کا سبب ہوتی ہے لیکن ایک عام آدمی اس سے بے خبر ہوتا ہے، لہذا ایسے امور کا علم عوام کے علم میں لانا بہت ضروری ہے تاکہ ان کو معلوم ہو سکے کہ اس معزز ایوان نے ان مشکلات کے حل کیلئے کیا کردار ادا کیا۔ معزز اراکین اسمبلی! سب سے پہلے آپ سب کو چار سال مکمل ہونے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ (تالیاں) اس سال ہم نے موجودہ اجلاس سمیت چھ اجلاس منعقد کیے اور آج ہم اپنے پارلیمانی سال کے سو (100) دن مکمل کر رہے ہیں۔ حکومت کی کارکردگی قانون سازی سے جانی جاتی ہے اور اسمبلی کو بھی قوانین چاہے بل کی شکل میں ہوں یا آرڈیننس کی شکل میں ہوں ایوان کے سامنے پیش کرنا ہوتے ہیں۔ اس حوالے سے ہمیں سینتیس سرکاری بلز اور آرڈیننس موصول ہوئے جن میں انیتس پاس کئے گئے، دو بلز سلیکٹ کمیٹیوں کے زیر غور ہیں۔ اس کے علاوہ اکیس پرائیویٹ ممبر بلز موصول ہوئے جس میں سے پانچ پاس کئے گئے اور ایک بل سلیکٹ کمیٹی کے زیر غور ہے، آٹھ اسمبلی میں پیش کئے گئے اور پانچ محرکین کو اسمبلی کے قواعد کے مطابق واپس کئے گئے۔ موجودہ پارلیمانی سال میں جو قوانین پاس کئے گئے ان میں چیدہ چیدہ کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں، پولیس بل، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ بل، Commission on the Status of Women Bill، Pre-Compulsory Primary and Secondary Education Bill، Privatation of interest on loans Bill. اس سال ہمیں 1826 سوالات موصول ہوئے جن میں 198 کے جوابات دیئے گئے، 387 توجہ دلاؤ نوٹس موصول ہوئے جن میں سے 36 وزراء نے جواب دیئے 53 تحاریک التواء موصول ہوئے جن میں سے دو پر وزراء نے حکومتی مؤقف بیان کیا، کل 206 قراردادیں موصول ہوئیں جن میں 46 پاس ہوئیں، اسمبلی کی قائمہ کمیٹیاں جو کہ ایوان کا قیمتی وقت بچا کر ان تمام امور کا احاطہ کرتی ہیں جو ان کو حوالہ کئے جاتے ہیں، اس سال قائمہ کمیٹی کی کل 35 مجالس منعقد کی گئیں، اس موقع پر ممبران اسمبلی کی محنت اور کوشش کا ذکر نہ کرنا زیادتی ہوگی کیونکہ اسمبلی اجلاس کو چلانے میں ممبران جس دل جوئی سے سوالات، قراردادیں، تحاریک التواء اور توجہ دلاؤ نوٹسز جمع کرتے ہیں

اور جس انداز سے وہ عوامی شکایات کے حل کیلئے کوشاں رہتے ہیں، میں ان کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں اس موقع پر یہ بھی واضح کرتا ہوں کہ بہت سے ممبران اسمبلی اپنے بزنس کو ایجنڈے پر لانے کا اصرار کرتے رہے لیکن بعض اوقات بوجہ قانونی مجبوریوں کے ان کو وقت نہیں دے پاتا، تاہم پھر بھی ان کی طرف سے مجھے تعاون حاصل ہوتا ہے، اسلئے میں ان سب کا بہت مشکور ہوں۔ معزز اراکین اسمبلی! میں اس موقع پر خواتین ممبران اسمبلی کا بے حد مشکور ہوں، جنہوں نے نہ صرف سوالات، قراردادوں وغیرہ میں بھی بھرپور طریقے سے حصہ لیا بلکہ قانون سازی میں جس انداز سے مؤثر کردار ادا کیا، وہ نہ صرف قابل تحسین ہے بلکہ دوسروں کیلئے قابل تقلید بھی ہے، ان کی کاوشوں پر ان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ (تالیاں) معزز اراکین اسمبلی! آپ کی عوامی سوچ اس بات کی عکاسی کرتی ہے اور عوامی مشکلات کے حل کیلئے آپ کی طرف سے جمع کردہ سوالات، توجہ دلاؤ نوٹسز اور تحاریک التواء سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ نے ان کے حل کیلئے جو کاوشیں کیں اور مجھے یہ بتائے ہوئے فخر محسوس ہو رہا ہے کہ موجودہ اسمبلی نے گزشتہ چار سالوں میں 143 بلز اور آرڈیننس پاس کئے اور اس معزز ایوان کے ممبران نے بھی گزشتہ چار سالوں میں 5782 سوالات جمع کرائے جن میں سے 1083 ایوان میں زیر بحث لائے گئے، 1231 توجہ دلاؤ نوٹسز جمع کرائے گئے اور 182 ایوان میں زیر بحث لائے گئے جبکہ 252 تحاریک التواء ممبران کی طرف سے جمع کی گئیں اور 38 پر ایوان نے سیر حاصل بحث کی۔ 1043 قراردادیں اسمبلی میں جمع کرائی گئیں جن میں 162 قراردادوں کی ایوان نے منظوری دے دی۔ قائمہ کمیٹیاں جو کہ اسمبلی کی شہ رگ کی حیثیت رکھتی ہیں، نے کل 288 اجلاس منعقد کئے اور کئی امور کو نمٹایا۔ معزز اراکین اسمبلی! یقیناً اس تمام کارروائی میں جہاں حکومت کی طرف سے تعاون حاصل رہا، وہاں اپوزیشن کا کردار بھی بڑا واضح اور خوش آئند رہا اسمبلی کی کارروائی میں جہاں اسمبلی سیکرٹریٹ کی شب و روز محنت شامل ہے وہاں جمہوری اقدار کی ترویج میڈیا کی ذمہ داری ہے جس کو میڈیا نے بخوبی نبایا، میں ان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں، میں اس موقع پر سیکورٹی پر مامور اہلکار اور قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے نامساعد حالات کے باوجود اسمبلی کے مختلف موسموں میں بھی اور طویل اجلاسوں میں اپنا مؤثر کردار ادا کیا جس کیلئے میں ان کا ذاتی طور پر دل سے مشکور ہوں۔ آئٹم نمبر 7، کال اٹینشن: مسٹر محمود احمد بیٹنی۔

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔

توجہ دلاؤنوٹس ہا

جناب سپیکر: دي نه پس، کال اټینشن نه پس درله دغه درکوم پليز، صرف دا دوه کوم، دي نه پس درکوم۔

جناب محمود احمد خان: مهرباني سپيکر صاحب! توجه دلاؤ نوټس نمبر دے 1230، میں وزیر محکمہ انتظامیہ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ ڈپٹی کمشنر ٹانک نے کرپشن کا بازار گرم کرکے مختلف پوسٹوں پر لاکھوں روپے لے کر بھرتیاں کی ہیں۔۔۔۔

جناب سپیکر: ایک منٹ جی، میں گورنمنٹ کی طرف سے، یہ عارف یوسف جواب دے گا، اچھا۔

جناب محمود احمد خان: جن میں کلاس فور سے لے کر 16 گریڈ تک کے ملازمین شامل ہیں، جس سے میرٹ کی دھجیاں اڑادی گئیں اور عوام میں بے چینی پائی جاتی ہے، لہذا ڈپٹی کمشنر کو فی الفور بر طرف کرکے اس کے خلاف انکوائری کی جائے۔

جناب سپیکر صاحب! دا زمونږ چې کوم ډی سی ټانک دے، دا تقريباً درې ځلور مياشتې کيږی چې دے راغلے دے او دا د ده د ډی سی ټانک دا دريم واري پوسټنګ دے او ځلورو مياشتو نه زيات نه تيروی دے، دغه شانتې کرپشن اوکړی او بيا واپس شی۔ دا په اے اين پی ټائم کښې ځلور مياشتې ئے تيرې کړې وې او اوس ئے تقريباً ځلور مياشتې کيږی چې دې راغلے دے۔ سپيکر صاحب! کمپيوټر آپريټر پوسټونه په 2016 کښې په باره سکيل کښې ايډورټائز شوی وو، په هغې کښې بيا ډسټرکټ ناظم يو ليټر کړے وو، کمشنر صاحب يو انکوائری ايښې وه، بيا څه موده اووتله دا پوسټونه په 2016 کښې End کښې سوله ګريډ ته لاړل او سپيکر صاحب چې دا کوم سوله ګريډ پوسټونه دا اپ ګريډ شو په ديکښې انکوائری وه، په ديکښې DLR هم انکوائری کړې وه چې تاسو فی الحال پوسټنګ آرډر به نه کوئ دا د پينډنګ وی، د انکوائری رپورټ د راشی په مارچ 2016 کښې سپيکر صاحب! شاته ډی سی Recommendation کړی وو او ده آرډر اوکړو 07-03-2017 يعنی کال نه بعد ئے آرډر اوکړو، هغه ئے په سوله کښې اوکړل۔ آيا زه دا نه پوهيږم چې د ده سره د سوله اختيار شته چې

دې په سوله ګریډ کښې آرډر کوی؟ او د 34 والا کس رااخلی سپیکر صاحب! ما فل ریکارډ رااوړے دے او دا زه ریکارډ به کمیټئ کښې هم پیش کولے شم، په دې هاؤس کښې ئے پیش کولے شم او دا کسان راوستلې شم سپیکر صاحب! د هاؤس کمیټئ ته ئے هم راوستلې شم دا 34 والا چې دا کوم ده میرټ لسټ جوړ کړے دے سپیکر صاحب! یو خو دے په سوله کښې آرډر نشی کولے، بل ده د 38 والا راوستے دے تین ته او تین والا ئے بوتلے 38 ته او سپیکر صاحب! دغه شانتې ده هم په دغې کمپیوټر آپریټر کښې هیرا پیری کړې ده۔ ورسره ورسره په کلاس فور کښې د انټرویو شروع د کلاس فور والا ده آرډر اوکړو، دلته ده هیرا پیری پکښې ئے اوکړه، دوه Touts ئے کښینولی دی سپیکر صاحب! په ډی سی آفس کښې، زه دا نه پوهیږم دا صوبائی حکومت دلته د کرپشن خلاف خبره کوی چې مونږ د کرپشن خلاف یو، سپیکر صاحب! دوه Touts ئے کښینولی دی، په ښکاره نعرې وهی چې پیسې راوړئ چې سکیم درکړم او که ایف آر وی او که سیټلډ وی، ډی سی خو د سیټلډ ناست دے او پندره نه بیس پرسنټ باندې کهلے عام دا پیسې اخلی، زه په دغه چیلنج وایم او ثابتولے شم چې پندره نه بیس پرسنټ ده اخستی دی، (تالیاں) نه پوهیږم سپیکر صاحب! ډی سی راشی، هغه خپلې خبرې کوی، هغه سره چې خبره کوې هغه وائی چې راغلے یم په یو مشن باندې راغلے یم۔ دا ډی سی د رااوغواړی دا حکومت چې ته په کوم مشن راغلے ئې، ته په دې مشن راغلې ئې چې ته پیسې اوګټې؟ سپیکر صاحب! زما حکومت ته دا ریکویسټ دے چې دا کوم چې توجه دلاؤ نوټس دے، دا د لاړ شی کمیټئ ته او زر تر زره د دا میټنګ رااوغواړی چې حقیقت معلوم شی۔ زه دا نه پوهیږم ډی سی وائی چې په ما قرضه ده، ته قرضې خلاصولو د پاره ټانګ ته راغلے ئې، مونږ خو دا نه پوهیږو سپیکر صاحب! زه دا ریکوسټ کوم تاسو حکومت ته هم دا خبره کوم، دا سوله ګریډ پته به اولګی، کلاس فور پته به اولګیږی ورسره ورسره د سی ایم ډائریکټیو دے، وائی چې زه د سی ایم ډائریکټیو نه اورم، ما سره په ریکارډ کښې ډائریکټیو پراته دی، ماورکړی دی، وائی چې زه ډائریکټیو نه منم، ورسره ورسره سپیکر صاحب! چې دا کوم آډرونه شوی دی، دا ټول Illegal شوې دی، د دې د مکمله انکوائری اوشی،

رااودې غواړی او دے د راشی کميټئ ته، د دې خپل ثبوت پيش کړې کنه که دے ، ټهيک وو، مونږ به معافی ورنه اوغواړو چې واقعی ته ډير تکړه سړے ئې ډير جراءتمند سړے ئې ليکن سپيکر صاحب! مونږ د چا خرڅولو ته، مونږ د چا دغه شی ته نه يو ناست چې دې په ټانک کښې دلته ناست دے خالی د چند مفاد پرستو خلقو د پاره چې دے خپل کاروبار چمکاؤ کوی۔ سپيکر صاحب! مونږ د هاؤس دا ممبران چې دلته راغلو، خپل عزت نفس لرو اور سپيکر صاحب! خپل عزت هر ممبر لری، دا دغې کاروبار د پاره نه چې په ده ئے کوم کاروبار په ټانک کښې شروع کړے دے ، سپيکر صاحب! د دې مونږ مذمت کوؤ۔

جناب سپیکر: عاطف خان! آپ اس کو۔

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): بالکل جی، دا دوئ چې څنګه وائی مکمل انکوائری پکښې پکار ده، که فرض کړه چا پکښې د پيسو پوسټونه وی، په پيسو باندې چې هر څه وی، بالکل مونږ د چا د Safe کولو حاجت نشته، که فرض کړه چا غلطی کړې ده، چا کرپشن کړے دے چې هغه ته د د هغې سزا ملاؤ شی چې تاسو ئے کوم څائې ته ليږل غواړئ، بالکل په هغې باندې هنډرډ پرسنټ ټرانسپيرنټ انکوائری پکار ده جی۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the call attention notice, moved by the honourable Member, may be referred to the Committee concerned? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. Second call attention, Mr. Mehmood Jan, MPA.

جناب محمود جان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو جناب سپیکر! میں وزیر برائے محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں, وہ یہ کہ آئی ٹی ٹیچرز اور لیب انچارج ابتدائی وثانوی تعلیم میں این ٹی ایس کے ذریعے 2014 اور 2016 میں بھرتی ہوئے, پراجیکٹ کنٹریکٹ جون 2017 میں ختم پذیر ہو رہا ہے ، محکمہ فنانس نے مذکورہ آسامیاں Sanctioned کی ہیں، جن پر ان

اہلکاروں کی تعیناتی کی جائے تاکہ یہ Overage ہونے سے بچ سکیں۔ مزید یہ کہ فیزون پراجیکٹ 2004 کے ملازمین 2007 میں ریگولر ہو چکے ہیں۔

جناب سپیکر صاحب! دا کسان د این ټی ایس په ذریعه باندې اپوائنټ شوې وو جی، کوالیفائیډ کسان دی جی او پوسټونه Already sanctioned دی، په دغه کښې راغلی دی نو مهربانی د فنانس نه Approve شوی دی جی نو دا کسان د په دغه پوسټونو باندې ریګولر شی، Overage کیدو نه به هم بچ شی او زمونږ د حکومت چې کومه پالیسی ده چې مونږ په این ټی ایس اخلو نو هغه صفا خلق په میرټ کسان راغلی دی، په این ټی ایس باندې نو لهذا دا د Permanent کړلې شی۔ تهینک یو جی۔

جناب سپیکر: عاطف خان پلیز، عاطف خان۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: دا دوئ چې کوم ذکر اوکړو، ممبر صاحب ته ما اووئیل دا به ان شاء اللّٰه تعالیٰ یواځې دا نه دی، دې نه علاوه نور هم دی، دوئ خو چونکه هغه پراجیکټ هډو ختم شو، دا ډائریکټ نشی ریګولرائز کیدې خو دوئ ته ما دا اووئیل څنګه چې نور بهرتی شوې ده او هغه مونږ ریګولرائز کوؤ نو ان شاء اللّٰه تعالیٰ دا به هم هغې سره یو ځائې ریګولرائز کړو۔

جناب سپیکر: اوکے جی، په کال اټینشن کښې بحث، بحث نہیں ہو سکتی، بس اس نے کہہ دیا کہ ہم ریگولرائز کریں گے، اس کا Legal course ہے وہ پورا کریں گے۔

جناب محمود جان: جناب سپیکر! زه صرف دا خبره کوم چې د دوئ دا کوم Tenure ختمیږی د دې نه مخکښې د د دوئ څه فیصله خو اوشی کنه جی چې دوئ ختم نشی کم از کم جی۔

جناب سپیکر: اوکے جی۔ فضل الٰہی، فضل الٰہی۔

جناب فضل الٰہی (پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات): شکریه جناب سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! دنن نه یو څو ورځې اګاهو ما یو پریویلج موشن موؤ کړے وو او هغې باندې جی نن هم سحر نه زه راغلے یم خو پوره د اسمبلئ ټول آفسز ما چیک کړل جی خو هغه رانغلو نو زه دا ریکوسټ کوم جی چې کم از کم Next چې کوم زمونږ

سیشن وی جی، په هغې کښې راشی، د هغې وجه دا ده جی چې زه به درته د ایریګیشن ډیپارټمنټ خبره اوکړم جی چې کم از کم باره ارب روپۍ زمونږ پشاور کښې لګیدلې دی او هغې باندې مختلف ځائې کښې مختلف خلقو بیا ما Written چې کوم دے Applications جمع کړی دی سیکرټری صاحب سره خو کم از کم په هغې باندې تاسو یقین اوکړئ که بالکل یو ذره توجه ئے ورنکړه، نو زه دا نه غواړم چې د پاکستان تحریک انصاف په حکومت کښې دومره زیات کارونه شوی دی او هغه چې کوم دی د این جی او نذر شی او مونږ باندې بار بار جی دوئ هغلته کښې انتظارونه کړی دی، دوه دوه درې درې ګهنټې خو هغوی نه دی راغلی جی، نو مهربانی د اوکړی جی چې دغه پریویلج موشن د راشی دې ځل له جی۔

جناب سپیکر: ٹھیک ده، ته اوس داسې اوکړه ته به Proper دغه مونږ ته راکړې-----

محترمہ دینہ ناز(پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود و ترقی نسواں): جناب سپیکر!-----

جناب سپیکر: ایک منٹ جی، میڈم بات کرلیں، اس کے بعد آپ کو دیتے ہیں۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات: ما ورکړے دے جی، ما ورکړے دے جی، بالکل جی، Written مې ورکړے دے جی خو اسمبلئ کښې غائب شو جی، غائب شو جی۔

جناب سپیکر: مجھے مل لیں تاکہ اس کے اوپر اگر ٹیکنکل کوئی پرابلم ہے تو ہم چیک کر لیتے ہیں۔ میڈم دینا ناز، دینا ناز۔

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: ایک منٹ، دینا ناز بات کرتی ہیں۔

جناب بخت بیدار: تاسو جی مونږ له ټائم نه راکوئ دا خو ډیر-----

جناب سپیکر: ورکوؤ ټائم جی کنه، نمبر ورکوؤ اوکے، اوکے آپ بیٹھ جائیں جی، میں دیتا ہوں، میڈم! بات کو پورا کریں، Ji ji Madam,please quick, quick۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود و ترقی نسواں: شکریہ سپیکر صاحب! میں آج اپنے علاقے کے حوالے سے ایک بہت اہم بات کرنا چاہتی ہوں۔ سپیکر صاحب! ضلع کرک میں ایک یونین کونسل ہے رحمت آباد جو کہ ضلع کرک کی تمام یونین کونسل کی بڑی یونین کونسل ہے ہر لحاظ سے، آبادی کے لحاظ سے بھی، ان کا جو اس وقت بہت بڑا مسئلہ ہے اور جس کیلئے رحمت آباد کے عوام نے اکیاون دن کا دھرنا دیا ہے، کل میں اس دھرنے کے پاس گئی کیونکہ بہت زیادہ لوگوں کو تکلیف ہو رہی تھی، خواتین جو ہیں، ان کے گھر ویران تھے کیونکہ سارے مرد دھرنے میں بیٹھے ہوئے تھے، ان کا مطالبہ یہ تھا کہ دس سال سے مسلسل ان کی یونین کونسل کا جو روڈ ہے جو کہ پرانا بنوں روڈ کے ساتھ کرک کی جو سٹی ہے وہاں سے وہ لنک ہوتا تھا، ایک طرح کا وہ ان کی آمد و رفت کا اور تجارت کا بھی ایک ذریعہ تھا، وہ انتہائی خستہ حالت میں جگہ جگہ سے ٹوٹا ہوا ہے اور ان کو ایمرجنسی تو چھوڑیں کہ وہاں سے گزرنا یا بارش میں بہت وہ تکلیف میں تھے اور اس روڈ کیلئے انہوں نے اکیاون دن دھرنا کیا ہے اور سپیکر صاحب! بہت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ دس سال سے اس عوام کا یہ مطالبہ جو ہے، اس کو ٹالا جا رہا تھا بلکہ ابھی بھی انہوں نے مجھے کہا کہ اسمبلی فورم میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اوکے، آپ پلیز مختصر کریں اور بھی بات کرنی ہے، آپ قصہ نہ سنائیں۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود و ترقی نسواں: جی ان کا یہ مطالبہ ہے اور میں آپ سے آپ کی اس کرسی کی وجہ سے سپیکر صاحب! سپیکر صاحب پلیز ایک آخری بات سپیکر صاحب! اس۔۔۔۔۔

